أعمال صالحة

خشیت الٰہی کا فائدہ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«اللہ کے ڈر سے رونے والا جہنم میں داخل نہیں ہوگا یہاں تک کہ دودھ تھن میں واپس لوٹ جائے، (اور یہ محال ہے) اور جہاد کا غبار اور جہنم کا دھواں ایک ساتھ جمع نہیں ہوں گے۔»

علامہ عبدالرحمن مبارکپوری رحمہ اللہ (صاحب تحفۃ الاحوذی) فرماتے ہیں:

لاَ يَلِجُ النَّارَ کا معنی ہے جہنم میں داخل نہ ہوگا۔

رَجُلٌ بَكَى مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ: عموماً خوف و خشیت ہی اطاعت و فرمانبرداری کی بجاآوری اور معصیت و نافرمانی سے اجتناب کی بڑی وجہ ہے۔

حَتَّى يَعُودَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ: اس سے محال کا بیان مقصود ہے جیسا کہ اللہ کا فرمان ہے: ﴿حَتَّىٰ يَلِجَ ٱلْجَمَلُ فِى سَمِّ ٱلْخِيَاطِ﴾ [الأعراف: ٤٠] "یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں داخل ہو جائے۔"

[تحفة الأحوذي شرح جامع الترمذي]

المكتب التعاوني للدعوة
و توعية الجاليات بالربوة

للمساهمة في الطباعة حساب رقم بمصرف الراجحي: ٢٩٦٦٠٨٠١٠٠٧٨٢٠٥
للتحويل من البنوك الأخرى: SA ٠٤٨٠٠٠٠٢٩٦٦٠٨٠١٠٠٧٨٢٠٥
هاتف: ٠١٤٤٥٤٩٠٠ فاكس: ٠١٤٩٧٠١٢٦